© rasailojaraid.com


۔ ۱۴-قیمت: ۲۵ روپے۔

بارہ تیرہ سال پہلے جناب فرید احمد پراچہ کو سرزمین نجد و حجاز میں تین ماہ رہنے اور وہاں گھومنے پھرنے کا موقع ملا۔ وہ حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے اور انھیں سعودی عرب کے متعدد مقدس اور تاریخی آثار و مقامات دیکھنے کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔ پراچہ صاحب کی آنکھ نے جو کچھ دیکھا' دل نے جو محسوس کیا اور روح نے جن کیفیات کو جذب کیا "سفر شوق" میں انھیں متوازن انداز اور رواں دواں اور خوب صورت اسلوب میں پیش کیا گیا ہے۔ "احساسات و تاثرات کا یہ مجموعہ واردات قلبی کا حقیقی آئینہ دار ہے"۔

"سفر شوق" مصنف کے سفر حج کی پر تاثیر اور دل گداز داستان ہے جس میں دیباچہ نگار کے بقول: "مناظر سفر کا مشاہدہ بھی ہے' تاریخ رفتہ کے ابواب کی سیر بھی اور موجودہ حالات کا تجزیہ بھی اسے پڑھنے سے ایمان بھی سیراب ہوتا ہے اور دماغ کو معلومات بھی ملتی ہیں"۔

زیر نظر دوسرے ایڈیشن میں مصنف نے اپنے سفر عمرہ (۱۹۹۳) کا مختصر تذکرہ بھی شامل کر دیا ہے۔ آخر میں مناسک حج و عمرہ کی تفصیل بھی منسلک ہے۔ اس طرح یہ کتاب عازمین حج کے لیے استفادے کا باعث ہوگی۔ حج بیت اللہ سے لوٹنے والے بھی اس کے مطالعے میں قند مکرر کی سی لذت و شیرینی محسوس کریں گے۔ (ر - د)

**Letters to the Editor: made easy**: مظہر علی ادیب۔ ناشر: الادیب انگلش اکیڈمی' ۲۵۹ جہاں زیب بلاک' علامہ اقبال ٹاؤن' لاہور۔ صفحات: ۱۹۲۔ قیمت: ۳۰ روپے۔

اسلامیات' تعلیم' سیاسیات' ذرائع ابلاغ' مقام نسواں اور سماجی برائیوں کے مختلف پہلوؤں پر گذشتہ ۲۵ برس میں اخبارات اور رسائل میں شائع ہونے والے مختصر مراسلات کا ایک مفید مجموعہ جو' بی اے' بی ایس سی کے طلبا کے لیے معاون و مددگار اور انگریزی میں لکھنے کی مشق کرنے والوں کے لیے راہ نما ہو سکتا ہے۔ (ر - د)

**مقتل بوسنیا و کشمیر**: ظہور الدین بٹ۔ ادارہ مطبوعات سلیمانی' رحمان مارکیٹ' اردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۱۳۰۔ قیمت: ۲۲ روپے۔ کشمیر' بوسنیا' فلسطین اور برما کے حوالے سے آسان زبان میں ۹ کہانیاں۔ مصنف تاریخی حقائق کو افسانہ و تخیل سے آمیز کر کے کہانی پیش کرنے کا سلیقہ رکھتے ہیں۔ سکول کے بچوں کے لیے ایک مفید اور معلومات افزا کتاب۔

© rasailojaraid.com